جناب شفیق الدین فاروقی

دارالعلوم کے شب وروز

حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کا دورہ جنوبی افریقہ: گزشتہ ماہ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ بعض اہم دینی شخصیات کی دعوت پر جنوبی افریقہ کے دورہ پر تشریف لے گئے۔ آپ نے اس موقع پر افریقہ کے بعض بڑے شہروں کیپ ٹاؤن، ڈربن اور جوہانسبرگ کا دورہ کیا اور کئی نامور علماء مخلصین اور سماجی، فلاحی شخصیات سے ملاقاتیں کیں۔ اور کئی جگہ آپ کے دینی و دعوتی پروگرام منعقد ہوئے۔ ڈربن میں مقیم حضرت علامہ سید سلیمان ندوی مرحوم کے صاحبزادہ مولانا ڈاکٹر سلمان ندوی نے ڈربن میں مولانا مدظلہ کے پروگرام بنائے۔ نماز جمعہ مولانا نے وہاں کی بڑی جامع مسجد میں پڑھائی۔ جوہانسبرگ میں جمعیت علماء اسلام افریقہ اور دارالعلوم ذکریا کے مولانا مفتی رضاء الحق صاحب نے ان کے اعزاز میں استقبالیہ دیا۔ جوہانسبرگ میں دارالعلوم کے فاضل جناب مولانا محمد حبیب احمد حقانی جو عرصہ سے ایک عرب این جی اوز اور ادارے کے ذریعہ افریقی باشندوں اور پس ماندہ طبقوں کے کیمپوں میں اسلامی تعلیمات کے اداروں کی عظیم الشان خدمت انجام دے رہے ہیں اور اس طرح دارالعلوم کا فیض افریقہ کے دور دراز کیمپوں میں پہونچ رہا ہے کہ ادارہ میں بھی گئے۔ دارالخلافہ پریٹوریہ میں مولانا عباس علی جناح صدر جمعیت علماء افریقہ اور مولانا محمد اشرف ڈوگراٹ، جناب محترم ہاشم ڈوگراٹ، جناب محترم آدم موسیٰ ڈوگراٹ، جناب حکیم عمران ڈوگراٹ اوران کے ساتھیوں نے مختلف استقبالیے دیئے اور یہاں مولانا مدظلہ نے خصوصی مجالس میں عالم اسلام کو درپیش صورتحال میں تبادلہ خیال ہوا۔ مولانا مدظلہ کا یہ دورہ ۸ فروری سے ۱۸ فروری تک جاری رہا۔ کیپ ٹاؤن کے سہ روزہ قیام میں وہاں کے نومسلم روحانی شخصیت شیخ عبدالقادر صوفی نے دنیائے اسلام کے بارہ میں تفصیلی نشستیں رہیں جو اس دورہ کے لئے کافی عرصہ سے مصر تھے اور ان کے اصرار پر یہ دورہ ہوا۔ مولانا مدظلہ کی معاونت اور رفاقت کے لئے مولانا مفتی محمد عثمان یارخان کراچی بھی ان کے ساتھ رہے۔

دورہ سری لنکا: ۷ رمارچ کو حضرت مولانا مدظلہ سری لنکا کے دورے سے واپس پہنچ گئے مولانا مدظلہ 12 رمارچ کو سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خارجہ امور و کشمیر کمیٹی کے ساتھ کولمبو سری لنکا گئے تھے۔ مولانا مدظلہ نے کمیٹی کے چیئرمین مشاہد حسین سید اور دیگر کیساتھ سری لنکا کے صدر، وزیر اعظم، وزیر خارجہ اور سپیکر پارلیمنٹ سے ملاقاتیں کیں اور پاکستان و سری لنکا کے باہمی امور اور عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ کمیٹی کو سپیکر پارلیمنٹ نے پارلیمنٹ ہاؤس کا دورہ بھی کرایا، وزیر خارجہ سری لنکا نے وفد کے اعزاز میں رات کو اپنے گھر میں عشائیہ دیا اور رات گئے تک باہمی دلچسپی کے امور پر